127942 - عورت خاوند کے علاوہ کسی کے فوت ہونے پر تین دن سوگ منا سکتی ہے۔

سوال

میں نے کچھ علمائے کرام کو سنا ہے کہ وہ کہہ رہے تھے کہ: بیوی کے علاوہ کوئی بھی عورت میت پر سوگ مناتے ہوئے ترکِ زینت کر سکتی ہے، ان کی یہ بات کیسی ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"ان کی یہ بات صحیح ہے، اس حوالے سے صحیح حدیث موجود ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: (کوئی بھی عورت کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ منائے، سوائے خاوند کی وفات پر کہ اس پر سوگ چار ماہ اور دس دن ہو گا۔) اس حدیث کے صحیح ہونے پر سب کا اتفاق ہے۔" ختم شد

"مجموع فتاوی ابن باز" (22/228)